12-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	العقائد+التصوف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):________________________________

نام طالبعلم:____

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ قلب وباطن کی یقینی حالت کا نام ہے:

(الف) یقین (ب) اعتقاد (ج) ایمان (د) اتقان

2۔ "مَاكَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ" یہ آیت ہے:

(الف) ختم قرآن کے بارے (ب) ختم حدیث کے بارے (ج) ختم نبوت پر (د) تکمیل دین پر

3۔ "السَّاعَةُ" کا معنیٰ ہے:

(الف) لمحہ (ب) یکدم (ج) قیامت (د) آخرت

4۔ میت کے ساتھ ہمیشہ باقی رہتا ہے:

(الف) مال (ب) اولاد (ج) عمل (د) جائیداد

5۔ قرآن مجید کا دل قرار دیا گیا ہے:

(الف) سورۃ الرحمان کو (ب) سورۃ یٰسین کو (ج) سورۃ لقمان کو (د) سورۃ الملک کو

6۔ کتاب نازل ہوتی ہے:

(الف) رسول پر (ب) نبی پر (ج) دونوں پر (د) دونوں پر نہیں

7۔ اسلام کے بنیادی عقائد ہیں:

(الف) 5 (ب) 7 (ج) 9 (د) 11

8۔ عقیدہ ختم نبوت ثابت ہے:

(الف) قرآن سے (ب) حدیث سے (ج) اجماع سے (د) تینوں سے

9۔ زیارت قبور ہے:

(الف) جائز (ب) حرام (ج) شرک (د) بدعت

10۔ ان پر ایمان لانا ضروری ہے:

(الف) آسمانی کتب (ب) رسولوں پر (ج) فرشتوں پر (د) تینوں پر

ورق الٹیئے

11۔ دنیا کی رغبت اور محبت زندگی میں بڑھاتی ہے:

(الف) خوشی کو (ب) اطمینان کو (ج) حقیقی راحت کو (د) رنج والم کو

12۔ گوشہ نشینی ہوتی ہے:

(الف) ایک طرح کی (ب) دو طرح کی (ج) تین طرح کی (د) چار طرح کی

13۔ تصوف پر مبنی پہلا بیان حضرت ابو بکر نے دیا یہ قول ہے:

(الف) حضرت عمر کا (ب) حضرت عثمان کا (ج) حضرت علی کا (د) حضرت ابو بکر واسطی کا

14۔ چہرہ مبارک پر آنسوؤں کے جاری رہنے کی وجہ سے دو سیاہ خط بن گئے:

(الف) حضرت ابو بکر کے (ب) حضرت عمر کے (ج) حضرت عثمان کے (د) حضرت علی کے

15۔ طریقت کے تمام سلاسل ملتے ہیں:

(الف) حضرت ابو بکر پر (ب) حضرت عمر پر (ج) حضرت عثمان پر (د) حضرت علی پر

16۔ ایک شب قیام میں دوسری رکوع میں اور تیسری سجدہ میں گزارتے تھے:

(الف) حضرت امام جعفر الصادق (ب) حضرت خواجہ اویس قرنی (ج) حضرت امام حسن بصری (د) حضرت عمر بن عبد العزیز

17۔ حضرت فضیل بن عیاضؒ کی پیدائش ہوئی تھی:

(الف) عراق میں (ب) ایران میں (ج) سمرقند میں (د) مصر میں

18۔ حضرت ابراہیم بن ادھمؒ نے تخت شاہی چھوڑنے کے بعد کام کیا:

(الف) آموں کا (ب) انگوروں کے باغ میں مالی کا (ج) سیب کے باغ میں مالی کا (د) دکانداری

19۔ انسان کا خدا سے ڈر کر توبہ کرنا کہلاتا ہے:

(الف) توبہ نصوح (ب) توبہ استجانب (ج) توبہ انابت (د) توبہ کاذب

20۔ جس نے فقہ کا علم سیکھا اور تصوف نہ پڑھا تو وہ فاسق ہو گیا یہ قول ہے:

(الف) حضرت ابو حنیفہ کا (ب) حضرت حبیب عجمیؒ کا (ج) حضرت محمد بن منکدرؒ کا (د) حضرت امام مالک کا

12-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	العقائد+التصوف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة الثانوية العامة (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): ______ رول نمبر (لفظوں میں): ____________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ ایمان اور عقیدہ میں فرق کیا ہے؟ تحریر کریں۔

2۔ "قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا" ترجمہ کریں۔

3۔ "ایمان بالملائکۃ" سے کیا مراد ہے؟ دو لائنوں میں واضح کریں۔

4۔ قضا اور قدر سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں

5۔ "وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللهِ فَقَدْ هُدِيَ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ" ترجمہ لکھیں۔

6۔ ایمان کی بنیادی کن کن چیزوں کو قرار دیا گیا ہے؟ تحریر کریں۔

7۔ ایمان اور اسلام میں کیا فرق ہے؟

8۔ اسلام کے بنیادی عقائد تحریر کریں۔

9۔ "ایمان بالکتب" سے کیا مراد ہے؟

10۔ "ایمان بالرسالت" سے کیا مراد ہے؟

11۔ ختم نبوت سے متعلق ایک قرآنی آیت لکھیں۔

12۔ زیارت قبور کے جواز بارے ایک حدیث لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "أَنَا جَلِيْسُ مَنْ ذَكَرَنِيْ" ترجمہ لکھیں۔

2۔ بھلائی کو کتنی چیزوں میں جمع پایا بقول حضرت عثمان تحریر کریں۔

3۔ سیدنا امام زین العابدین کی عبادت وفیاضی کے بارے مختصراً لکھیں۔

4۔ سیدنا اویس قرنی نے کن دو صحابہ سے ملاقات فرمائی؟ نام لکھیں۔

5۔ حضرت فضیل کا مکمل نام تحریر کریں۔

6۔ "السُّكُوْنُ حَرَامٌ عَلَى قُلُوْبِ أَوْلِيَاءِ اللهِ" ترجمہ لکھیں۔

7۔ حضرت داؤد طائیؒ کس کی صحبت میں زیادہ وقت گزارتے تھے اور کیوں؟

8۔ حضرت ابو علی شقیقؒ کی توبہ کا واقعہ مختصراً تحریر کریں۔

9۔ توبہ کی اقسام کتنی اور کون کونسی ہیں؟ تحریر کریں۔

10۔ حضرت امام ابو حنیفہؒ نے کن کن صحابہ کرام سے اکتساب فیض کیا؟

11۔ تصوف کتنی باتوں میں پایا جاتا ہے؟ تحریر کریں۔

12۔ "قَدَمِيْ هٰذِهٖ عَلَى رَقَبَةِ كُلِّ وَلِيِّ اللهِ" ترجمہ لکھیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. ایمان کا لغوی اور اصطلاحی معنٰی تحریر کریں۔ نیز ایمان کی حقیقت پر قرآن وحدیث کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. خاتم النبیین سے کیا مراد ہے؟ نیز حضور ﷺ کی ختم نبوت کے بارے قرآن وحدیث کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. عقیدہ ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟ نیز ثابت کریں کہ ختم نبوت قرآن، حدیث اور اجماع سے ثابت ہے۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. حضرت خواجہ اویس قرنیؒ کے حالات زندگی اور عبادت وریاضت کے واقعات تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. حضرت سفیان ثوری نے گریہ وزاری کی اقسام کتنی اور کون کونسی ذکر کی ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. ولی اللہ کی علامات اور تصوف کے آٹھ خصائل تفصیلاً تحریر کریں۔